بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ یو۔کے

تعلیمی نصاب برائے ماہ

مارچ 2026

1۔ قرآن کریم

سُوۡرَۃُ الۡغَاشِیَۃِ" کی آیات 5-8 بمعہ ترجمہ و تفسیر پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

- آیات نمبر 7 اور 8 کی تفسیر کے مطابق، مخالفینِ اسلام کا کیا انجام بیان کیا گیا ہے؟
- یہ آیات فتح اسلام اور اس کی مخالفت کے نتائج کے متعلق کیا بیان کرتی ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 35–38

تفسیرِ کبیر صفحہ نمبر 108-121:

https://new.alislam.org/library/books/quran-urdu-tafseer-e-kabeer-12?option=toc&page=112

2۔ رمضان اور ہماری ذمہ داریاں (جنرل میٹنگ)

ماہِ رمضان کی برکات کے حصول کے لئے، پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ مورخہ 10 مئی 2019 کو سنیں

اس خطبہ میں پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے رمضان کے حوالہ سے سورۃ البقرہ کی آیات 184۔187 کی تفسیر وضاحت سے بیان فرمائی ہے۔ یہ خطبہ سنتے ہوئے درج ذیل سوالات پر غور کریں۔

- رمضان میں ہم اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق کس طرح مضبوط کر سکتے ہیں؟
- آنحضرت ﷺ نے رمضان کے مہینہ میں مغفرت اور بخشش کے حصول کی کیا اہمیت بیان فرمائی ہے؟

خطبہ جمعہ مورخہ۔ 2019.05.10

https://www.alislam.org/friday-sermon/2019-05-10.html#fulltext

3۔ زبانی یاد کرنے کیلئے دُعا
سورۃ البقرہ۔ آیت 287

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وَارْحَمْنَا ۥ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۷﴾

ترجمہ: اے ہمارے ربّ! ہمارا مؤاخذہ نہ کر اگر ہم بھول جائیں یا ہم سے کوئی خطا ہو جائے۔ اور اے ہمارے ربّ! ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈال جیسا ہم سے پہلے لوگوں پر (ان کے گناہوں کے نتیجہ میں) تُو نے ڈالا۔ اور اے ہمارے ربّ! ہم پر کوئی ایسا بوجھ نہ ڈال جو ہماری طاقت سے بڑھ کر ہو۔ اور ہم سے درگزر کر اور ہمیں بخش دے۔ اور ہم پر رحم کر۔ تُو ہی ہمارا والی ہے۔ پس ہمیں کافر قوم کے مقابل پر نصرت عطا کر۔

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 64

4۔ ملفوظات
تقدیر

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں، تقدیر دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک کا نام مُعَلّق ہے اور دوسری کو مُبْرَم کہتے ہیں۔ اگر کوئی تقدیر معلق ہو تو دعا اور صدقات اُس کو ٹلا دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس تقدیر کو بدل دیتا ہے۔ اور مُبْرَم ہونے کی صورت میں وہ صدقات اور دعا اس تقدیر کے متعلق کچھ فائدہ نہیں پہنچا سکتے۔

- حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ اقتباس ہمیں دعا کی فضیلت کے متعلق کیا تعلیم دیتا ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 60–61

5۔ کتاب: گناہ سے نجات کیوں کر مل سکتی ہے؟

تصنیف حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی کتاب میں گناہوں سے پاک ہونے کے متعلق عیسائیت کے عقیدہ کو بیان فرمایا ہے۔

PDF کتاب کے صفحہ نمبر 638-642 کا مطالعہ کریں اور درج ذیل نکات پر غور کریں۔

- حضرت عیسیٰؑ کے متعلق عیسائی نقطۂ نظر پر بحث کریں کہ یہ کس طرح ہمارے عقائد کے برعکس ہے؟
- گناہوں سے نجات حاصل کرنے کے متعلق عیسائیت کا کیا عقیدہ ہے؟
- گناہوں سے بچنے کے عیسائی تصورات انسانیت کو گناہ سے کیوں آزاد نہیں کر سکے؟

ذرائع کتاب: گناہ سے نجات کیوں کر مل سکتی ہے؟

Audio Book Urdu



click to read



click to read